سوال

(684) ہر نبی کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا جس طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں اس طرح ہر نبی کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا جائز ہے جبکہ مسلم شریف میں حدیث ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ اور دیگر نبیوں کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کہا ہے کیا ہم بھی ایسا کرسکتے ہیں یا ہر امتی کے لیے ایسا کہنا جائز ہے؟ محمود احمد ضلع شیخوپورہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں سے ہر ایک نام کے ساتھ ہر امتی اور غیر امتی صلی اللہ علیہ وسلم کہہ سکتا ہے چنانچہ صحیح مسلم کی حدیث محولہ بالا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم کہا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک کے لیے اسوئہ حسنہ ہیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : {وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ} 1 [اور اس کی پیروی کرو تاکہ تم راہ پاؤ]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01 ص487

محدث فتویٰ